## سوال

(629) کیا غلطی کی اصلاح کے باوجود امام سجود سہو کرے گا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں امام نے اٹھنے یا بیٹھنے میں غلطی کر لی مگر لقمہ ملنے پر غلطی کی اصلاح بھی کر لی۔ کیا اس صورت میں سجدۂ سہو کرے گا یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غلطی کی اصلاح کے باوجود امام سجود سہو کرے گا۔ کیونکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ رسول اللہ ﷺ نے دو رکعت کے بعد (تشہد میں بیٹھنے کی بجائے) کھڑے ہونے کے لیے حرکت کی، تو لوگوں نے ''سبحان اللہ'' کہا۔ آپ ﷺ بیٹھ گئے۔ پھر ''سجدۂ سہو'' بھی کیا۔

'أَخرجہ البَیہقی مَوقُوفًا، وَفِی بَعضِ طُرُقِہٖ اَنَّہٗ قَالَ: ہٰذِہٖ السُّنَّۃَ قَالَ الحَافِظُ: وَرِجَالُہٗ ثِقَاتٌ 'نیل الأوطار: ۳ ۱۲۸

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 540**

محدث فتویٰ